29 ستمبر 2017ء

# پاکستان کی معیشت پر صارفین کے اعتماد میں بہتری آئی ہے: اعتماد صارف سروے

5 تا 9 ستمبر 2017ء میں کیے جانے والے تازہ ترین اعتمادِ صارف سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ عمومی طور پر پاکستانی معیشت پر صارفین کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ جولائی 2017ء کو ہونے والے گذشتہ سروے کے مقابلے میں مجموعی اعتمادِ صارف سروے میں 5.07 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ صارفین کے اعتماد میں بہتری کی عکاسی جاری اقتصادی حالات کے انڈیکس میں اضافے کے ساتھ ساتھ متوقع معاشی حالات کے انڈیکس سے بھی ہوتی ہے۔ مزید بر آں، انڈیکس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مہنگائی کی توقعات میں بھی اس مدت کے دوران 2.6 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

یاد رہے کہ اسٹیٹ بینک مستقل بنیادوں پر صارفین کو ٹیلی فون کالز کے ذریعے اعتمادِ صارف کے سروے منعقد کرتا ہے، جنہیں کہ ملک بھر سے random بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے۔ یہ سروے ہر دو مہینے بعد کیے جاتے ہیں اور اس سے حالیہ اور مستقبل کے معاشی حالات، مستقبل میں مہنگائی کے رجحانات، شرح سود، بیروزگاری اور اپنی گھریلو آمدنی کے متعلق "لوگ کیا سوچ رہے ہیں"، کے بارے میں معلومات ملتی ہیں۔ یہ معلومات زری پالیسی کی تشکیل میں معاون ثابت ہوتی ہے۔

سروے پر مکمل رپورٹ کے لیے برائے مہربانی بینک دولت پاکستان کی ویب سائٹ کا یہ لنک ملاحظہ فرمائیں:
http://dsqx.sbp.org.pk/ccs/index.php

**************